TELANGANA STATE BOARD OF INTERMEDIATE EDUCATION
HYDERABAD
URDU– II
Second Language- Part-II
Model Question Paper (w.e.f. 2015-16)

Time: 3 Hrs. Max. Marks: 100

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دیئے جائیں۔ ہر سوال کے نشان محاذی درج ہیں۔

.1 کسی دو خط کشیدہ الفاظ کے معنی لکھتے ہوئے کسی دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ 2x3=6

1 یوں کس طرح کٹے گا کڑی دھوپ کا سفر — سر پر خیالِ یار کی چادر ہی لے چلیں
2 جب کشتی ثابت وسالم تھی، ساحل کی تمنا کس کو تھی — اب ایسی شکستہ کشتی پہ ساحل کی تمنا کون کرے
3 گھر کی تعمیر تصور ہی میں ہوسکتی ہے — اپنے نقشے کے مطابق، یہ زمیں کچھ کم ہے
4 میں ریزہ ریزہ بکھرتا چلا گیا خود ہی — کہ اپنے آپ سے بچنا محال میرا تھا

.2 ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے۔ 1x6=6

.1 تعلیمِ نسواں
.2 انٹرویو

.3 کوئی ایک سوال کا جواب لکھیے۔ 1x6=6

.1 زیب النساء کی تعلیم وتربیت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ تحریر کیجیے۔
.2 تہنید سے کیا مراد ہے اور اس کے کیا اصول ہیں؟ واضح کیجیے۔

.4 کوئی دو سوالات کے جوابات لکھیے۔ 2x4=8

.1 بیرنگ خط کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ لکھیے۔
.2 خط لکھنے کے طریقوں کا جائزہ لیجیے۔
.3 غالبؔ کے کسی ایک خط کی تفصیلات بیان کیجیے۔
.4 مہدی افادی کے خط کے اہم نکات بیان کیجیے۔

.5 مندرجہ ذیل اشعار سے کسی دو کی متن کے حوالہ سے تشریح کیجیے۔ 2x3=6

1 یہ کہہ کے چھیڑتی ہے ہمیں دل گرفتگی — گھبرا گئے ہیں آپ تو باہر ہی لے چلیں
2 چھپا رکھا تھا یوں خود کو کمال میرا تھا — کسی پہ کھل نہیں پایا جو حال میرا تھا

3 گھر کی تعمیر تصور ہی میں ہوسکتی ہے اپنے نقشے کے مطابق یہ زمیں کچھ کم ہے

4 جو آگ لگائی تھی تم نے اس کو تو بجھایا اشکوں نے

جو اشکوں نے بھڑکائی ہے، اُس آگ کو ٹھنڈا کون کرے

6. متن کے حوالہ سے کسی دو کی تشریح کیجیے۔ 2x3=6

1. ''عام طور سے مشہور ہے کہ سلاطین تیموریہ لڑکیوں کی شادی نہیں کرتے تھے''

2. ''اسباب کے معنی سامان کے، نہ عربی میں، نہ فارسی میں خالص ہندوستانی میں ہیں''

3. ''قیاس کہتا ہے کہ تاریخی نام رکھنے اور تاریخِ وفات کہنے کا رواج اسی مشکل کو حل کرنے کی غرض سے پھیلا ہوگا۔''

4. ''جس دن وہ آنے والے تھے ہمیں بڑی بے چینی تھی۔ اس قدر انتظار تھا کہ وقت سے کچھ پہلے ہی ہم کلاس روم میں جا بیٹھے۔''

7. حسب ذیل سے کسی دو کے مختصر جواب لکھیے۔ 2x3=6

1. ''یاد'' کی تعریف سلیمان خطیب نے کس طرح سے کی ہے؟

2. تلوک چند محروم کے نزدیک ''ہماری حالت'' کس انداز کی ہے؟

3. راجہ مہدی علی خاں نے انٹرویو کے دوران کن بے تکے سوالات کا ذکر کیا ہے۔

4. نظم ''یہ دنیا حسین ہے'' کا تعارف پیش کیجیے۔

8. حسب ذیل سے کوئی دو کے مختصر جواب لکھیے۔ 2x3=6

1. سید سلیمان ندوی کی تصنیفات کے نام لکھیے۔

2. مشتاق احمد یوسفی نے کھیلنے' کھانے اور جوانی کے دن کس کام میں گذارے؟

3. خواجہ صاحب کی علامہ اقبال سے ناراضگی کیسے دور ہوئی؟

4. شبلی نعمانی اُردو کی ادبی تاریخ میں کن حیثیتوں سے مشہور ہیں؟

9. حسب ذیل سوالات کے جواب ایک سطر میں لکھیے۔ 5x1=5

1. سنگِ نشان کا مطلب کیا ہوتا ہے؟

2. مغنی تبسم کہاں پیدا ہوئے؟

3. معین احسن جذبی کو کونسا ایوارڈ دیا گیا؟

4. سلیمان خطیب کے شعری مجموعہ کا نام لکھیے۔

5. کہسار رحائل ہونے سے کیا مراد لیا جائے گا؟

10. ذیل کے جملوں کا ایک سطر میں جواب دیجیے۔ 5x1=5

1. سید سلیمان ندوی کس رسالے کے ایڈیٹر تھے؟

2. زیب النسا کے استاد کا نام کیا تھا؟

3. مشتاق احمد یوسفی کس سن میں پیدا ہوئے؟

4. شاہد احمد دہلوی کس کے پوتے تھے؟

5. بھیا مضمون کس نے لکھا ہے؟

11. اپنے والد کو خط لکھتے ہوئے امتحان کی فیس کی رقم روانہ کرنے کی گذارش کیجیے۔

1x5=5

یا

دہلی کے کسی بک ڈپو کو کتابوں کا آرڈر دے کر کتابیں منگوائیے۔

12. جملوں کی ساخت درست کر کے لکھیے۔

a. کوئی تین جملوں میں علامتِ فاعل ''نے'' کا استعمال کیجیے۔ 6x1=6

1. مولوی صاحب سبق پڑھایا۔

2. سر سید احمد خاں اپنے زمانے کے اہل کمال سے فیض حاصل کیا۔

3. آپ یہ نہیں ارقام فرمایا کہ کس قدر کتابیں چھپی ہیں۔

4. مہدی افادی اپنے خطوط اور مضامین سے شہرت حاصل کی۔

5. غالبؔ دہلی سے رشتہ جوڑا۔

6. سوانح، تاریخ اور مذہبی مباحث پر سید سلیمان ندوی کئی مضامین لکھے۔

b. کوئی تین جملوں میں محاوروں کی شناخت کیجیے۔ 3x2=6

1. جس ہاتھ میں وہ گل ہے چراغ ہو جائے۔

2. وہ سمجھتے ہیں کہ بیمار کا حال اچھا ہے۔

3. جو آگ لگائی تھی تم نے اس کو تو بجھایا اشکوں نے

4. آپ کو تو عادت ہے شور و غل مچانے کی

5. ہم یہاں پھول کھلانے آئے تھے

6. وہ تو دُم دبا کر بھاگ گیا۔

13. ذیل کے محاوروں سے کوئی چھ کے معنی لکھیے اور جملوں میں استعمال کیجیے۔ 6x1=6

ہوش سنبھالنا ۔ منہ سے پھول جھڑنا ۔ کِھل اُٹھنا ۔ خبر دینا

پیوندِ خاک ہونا ۔ منہ پھیر لینا ۔ دل ٹوٹ جانا ۔ اندھیرا چھانا

ہاتھ پیر پھولنا ۔ کان میں رس گھولنا

14. ذیل سے کوئی چھ الفاظ کو اضافت لگا کر معنی لکھیے۔ 6x1=6

حسب دستور ۔ شام زندگی ۔ گلہائے عقیدت

گلزار نسیم ۔ ساز ہستی ۔ سودائے خام ۔ جلوہ سحر

شور دریا ۔ شکوہ بیداد ۔ سوئے حرم

15. کوئی تین الفاظ کو سابقے اور کوئی تین الفاظ کو لاحقے لگا کر معنی بتائیے۔ 6x1=6

آبرو ۔ متناہی ۔ شعور ۔ کردار ۔ آشنا

ریاضی ۔ دکان ۔ کتب ۔ آرزو ۔ ایمان

16. درج ذیل سے کسی ایک کا جواب لکھیے۔ 1x5=5

مطلع اور حسنِ مطلع کی تعریف کیجیے اور مثالیں دیجیے۔

یا

قافیہ اور ردیف کی تعریف کیجیے اور مثالیں دیجیے۔

☆☆☆